1756/2

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# درود شریف

مُصنّف

تاج العارفین قُطبُ الاقطاب حضرت شیخ عبدالنبیؒ شامی نقشبندی
قدّس سرہُ العزیز المعروف بہ "باباجی" رحمۃ اللہ علیہ ساکن شام چوراسی
ضلع ہوشیار پور (بھارت)

بسعی

صاحبزادہ حاجی محمدؐ سلیم شامی نقشبندی

ٹرسٹی : حضرت عبدالنبیؒ شامی ٹرسٹ ، مکان نمبر ۳۶ ،
سٹریٹ نمبر ۹ ، رام نگر ، لاہور ۱۲

... ، تھارٹن روڈ ، لاہور ۔ فون : ۶۶۹۳۹

ذخیرہ

1756/2

59686

یا فتاح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَزَغَ الحَبِیبُ المُجتَبیٰ
برگزیدہ محبوب کی روشنی
فِی سُحمَۃِ اللَّیلِ الدُّجیٰ
کالی رات کی سیاہی میں چمکی!
کَالشَّمسِ تُشرِقُ فِی الضُّحیٰ
جس طرح آفتاب دن چڑھے چمکتا ہے
صَلُّوا عَلَیہِ وَسَلِّمُوا
آپ پر درود اور سلام بھیجو!

Marfat.com

وَهُوَ الضِّيَاءُ الْمُسْتَضِیٰ

آپ ایسی روشنی ہیں جس سے سب چیزیں روشن ہو جائیں

وَبِنُوْرِهٖ سَطَعَ الْهُدٰی

آپ کے نور سے ہدایت نمودار ہوئی!

فِیْ صُبْحِ لَیْلٍ اَلْیَلَا

اور سیاہ رات کے بعد صبح کا نور پھیلا

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

وَهُوَ الرَّسُوْلُ الْمُقْتَدٰی

آپ رسول ہیں جن کی پیروی فرض ہے

مِنْهُ الشَّفَاعَةُ تُرْتَجٰی

آپ سے شفاعت کی امید ہے

بِجَمَالِهٖ خَمَدَ اللَّظٰی

آپ کے جمال سے آگ کا شعلہ سرد ہوا

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

Marfat.com

# عَشِقَ الْإِلٰہُ لِوَجْهِہٖ

آپؐ خداوند کریم کی ذات کے عاشق ہیں

# اِلٰہَ الْعُقُوْلُ لِدَرْکِہٖ

انسانی عقلیں آپؐ کی حقیقت سمجھنے سے قاصر ہیں!

# وَبِحُسْنِہٖ تَاہَ النُّھٰی

آپؐ کی خوبیوں کو دیکھ کر عقل متحیّر ہوتی ہے

# صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو!

# نَطَقَ الْحَجَرُ لِکَلَامِہٖ

پتھر آپؐ کے کلام سن کر بول اُٹھے

# حَنَّ الشَّجَرُ لِغَرَامِہٖ

درخت آپؐ کے عشق میں فریاد کرتے ہیں

# وَبِفَقْرِہٖ جَاءَ الْغِنٰی

آپؐ کی غربت کو دیکھ کر دولت آئی مگر آپؐ نے منظور نہ فرمائی)

# صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو!!

Marfat.com

وَلَہُ الْوَصِیفُ بِمَدْحِہٖ

تعریف کرنے والا آپؐ کی مدح پر عاشق ہے

کُلُّ الْمَدِیْحُ بِوَصْفِہٖ

مدح آپؐ کے وصف سے عاجز ہیں!

وَبِشَوْقِہٖ لَأْلَأُ الْمَلَا

آپؐ کا شوق تمام دُنیا کے قلب میں چمکتا ہے

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپؐ پر درُود اور سلام بھیجو!!

رَفَعَ الرَّفِیْعُ مَنَارَہٗ

خداوند کریم کی بلند ذات نے آپؐ کے مینار کو بلند کیا

اَعْلَی الْقَدِیْرُ وَقَارَہٗ

قدرت والے خدا نے آپؐ کے اِعزاز کو اعلیٰ بنایا

اِنَّا فَتَحْنَا وَالضُّحٰی

اور انّا فتحنا اور والضّحیٰ کی سورتوں میں آپؐ کی توصیف ظاہر فرمائی

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپؐ پر درُود اور سلام بھیجو!

Marfat.com

وَلَکُمْ بِهٖ مِنْ حُجَّۃٍ

تمہارے واسطے آپ کی ذات ایک دلیل ہے

کَالنُّوْرِ جَالِیْ ظُلْمَۃٍ

جو روشنی سے تاریکی کو دور کرتی ہے

فِی الْمُبْتَدَا وَالْمُنْتَھٰی

ابتداء میں بھی اور انتہا میں بھی

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

مَلَا الْحَشٰی بِمَحَبَّتِهٖ

دل و جگر کو آپ کی محبت سے بھر دیا

فَلَقَ النَّوٰی بِمَوَدَّتِهٖ

آپ کی محبت نے گٹھلی کو چیر دیا

وَبِلُطْفِهٖ نِلْنَا الْمُنٰی

آپ کی مہربانی سے ہم نے مرادیں حاصل کیں

صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

Marfat.com

# شَقَّ الْقَمَرَ لِمَرَامِهٖ

آپؐ نے چاند کو اپنی نبوت ثابت کرنے کے لئے چاک کیا

# جَاءَ الْمَلَكُ بِسَلَامِهٖ

فرشتے آپؐ کے سلام کو حاضر ہوئے

# بِصَلٰوتِهٖ اُمِرَ الْوَرٰی

خلقت کو آپؐ کی ذات پر درود بھیجنے کا حکم ہوا

# صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو! !

# لِعُرُوْجِهٖ نَزَلَ الْمَلَكُ

آپؐ کی قدر کو بلند ثابت کرنیکے واسطے فرشتے نازل ہوئے

# لِقُدُوْمِهٖ رُفِعَ الْفَلَكُ

آپؐ کی تشریف لے جانے سے آسمان کا قدر بلند ہوا

# قَدْ جَاءَ فِيْهِ لَقَدْ رَاٰی

آپؐ کی شان میں وارد ہوا ہے کہ آپؐ نے خدا کا دیدار کیا

# صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو!

Marfat.com

نَبَعَ الْوُضُوْءُ بِبُرْكُوَتِهٖ

وضو کا پانی آپ کے کوزہ سے رواں ہوا

كَثُرَ الطَّعَامُ بِبَرَكَتِهٖ

آپ کی برکت سے کھانے کی مقدار زیادہ ہوگئی

وَبِكَفِّهٖ نَطَقَ الْحَصٰى

آپ کے دست مبارک میں کنکر گویا ہوئے

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

ذَرَفَ الْعُيُوْنُ لِوَعْظِهٖ

آنکھیں آپ کی وعظ سے گریاں ہوئیں

وَجِلَ الْقُلُوْبُ بِنُصْحِهٖ

دل آپ کی نصیحت سے خوف زدہ ہوئے

بِدُعَائِهٖ ذَهَبَ الْعَمٰى

آپ کی دعا سے نابینائی دور ہوگئی

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

Marfat.com

# وَاللّٰہِ مَا اُحۡصِیۡ شَمَا

خدا کی قسم میں آپؐ کے فضائل سے بھری ہوئی عادات کو

# بَلۡ فَضۡلِہٖ مِنۡ رَبِّنَا

جو ہمارے ربّ نے آپؐ کو عطا کی ہیں شمار نہیں کرسکتا

# فَھُوَالنَّبِیُّ الۡمُرۡتَضٰی

آپؐ خدا کے پسندیدہ نبیؐ ہیں !

# صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو

# اَنَا کَیۡفَ اَمۡدَحُ بِالثَّنَا

اے حضرت محمد رسول اللہ ! میں آپؐ کی توصیف

# لَکَ یَا مُحَمَّدُ اِنَّمَا

کیونکر ادا کرسکوں

# اَنۡتَ الۡمُمَجَّدُ بِالنَّدٰی

آپؐ اپنی فیاضی کے باعث نہایت بلند رتبہ پر فائز ہیں

# صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو !

Marfat.com

وَلَقَدْ أُنَادِیْ یَا حَشَا

میں عشق کی شدّت سے پکارتا ہوں کہ اے میرے دل و جگر

لِتَقَطَّعِیْ بِفِرَاقِ ذَا

دیکھو تم آنحضرتؐ کے فراق میں کس طرح پارہ پارہ ہوئے ہیں

فَلَطَالَ صَبْرِیْ فِی الْبَلَا

اس محنت اور مصیبت میں بہت صبر کیا

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو

وَتَجَشَّمَتْ نَفْسِیْ کَمَا

میرے نفس نے ایسی تکلیف اٹھائی

یَتَجَشَّمُ حَجَرُ الرَّحیٰ

جیسی چکّی کا پتھر اٹھاتا ہے

فِیْ ھِجْرِ فَخْرِ الْاَنْبِیَا

فخر الانبیاء حضرت محمّد رسُول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم کی جدائی میں

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا

آپ پر درود اور سلام بھیجو!

Marfat.com

يَا رَهْطَ آلِ مُحَمَّدٍ

اے آل محمدؐ کے گروہ !

يَا صَحْبَ صُحْبَةِ أَحْمَدٍ

اور اے صحبت رسول علیہ السلام کے فیضیافتہ اصحاب

رُوحِي وَنَفْسِي قَدْ فِدَا

میری جان اور میرا نفس سب آپؐ پر قربان ہے

صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو !

فَتَحَدَّثُوا عَنْ لَوْعَتِي

اے دوستو میرے سوز دل کی بابت

عِنْدَ الْحَبِيبِ أُحِبَّتِي

میرے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کرد

سَكَبَتْ دُمُوعِي يَا فَتَا

اے لوگو ! میرے اشک رواں ہیں !

صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو !

Marfat.com

# ذَکَرَ الصَّلٰوۃَ فَقِیۡرُہٗ

آپؐ کے در کے گدا عبد النبیؐ نے

# عَبۡدُ النَّبِیِ مُعۡطِیۡرُہٗ

جو آپؐ کی توصیف کی عطر جیسی خوشبو کا کثرت کیساتھ پھیلانیوالاہے

# فِیۡ کُلِّ صُبۡحٍ وَالۡمَسٰی

تمام صبح اور شام آپؐ پر درود بھیجنے میں صرف کیا

# صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا

آپؐ پر درود اور سلام بھیجو!

# تَمَّتۡ

تمام شد

## گزارش

آپ سے التماس ہے کہ بندۂ ناچیز کو بھی اپنی
نیک دعاؤں میں یاد رکھیں۔

صاحبزادہ محمد سلیم شامی نقشبندی

Marfat.com

# مُناجات

## منظوم اسمائے گرامی باری تعالےٰ

مجھ کو یا اللہ اپنا عشق دے — ہے عبادت صرف تیرے واسطے
مُستحق تو ہی عبادت کا ہُوا — ہے تو ہی معبود ساری خلق کا
بخش یَا رَحمٰنُ میں ہوں خوار تر — یا رَحِیمُ مہربانی مجھ پہ کر
یا مَالِکُ تو شاہِ دوسرا — مُجھ کو جنّت دے جہنّم سے بچا
مُجھ کو یا قُدّوسُ کر عیبوں سے پاک — تو نہایت پاک میں یک مُشتِ خاک
یَا سَلَامُ دین و ایماں کو میرے — رکھ سلامت اپنے فضل و لطف سے
امن دے یا مُؤمِن مجھ کو سوا — یا مُهَيْمِنُ ہے نگہباں تو میرا
یَا عَزِیزُ میرے غالب ہوں سُست — کام یَا جَبَّارُ میرے کر درست
تو ہی یا مُتَكَبِّرُ سب سے بڑا — مُجھ کو مغروروں کی صحبت سے بچا
بے تیرے یَا خَالِقُ ہے کونسا — جس نے کُل خلقت کا اندازہ کیا
کُن سے یَا بَارِیُ پیدا کیا — یا مُصَوِّرُ صُورتِ عشرت دکھا
بخش یَا غَفَّارُ عصیاں سربسر — نفس پر غالب تو یَا قَهَّارُ کر
بے عوض تو رزق یا وَهَّابُ دے — رزق یا رَزَّاقُ دے دو قسم کے
کھول یا فَتَّاحُ تو روزی کا در — یَا عَلِیمُ خوار ہوں تو لے خبر

Marfat.com

تنگ کر یا قابضُ رزقِ پلید
رزق کر یا باسطُ طیّب مزید

پست ہوں یا حافظُ دشمن میرے
دے مجھے یا رافعُ رتبے بڑے

یا مُعِزُّ مجھ کو عزّت کر عطا
یا مُذِلُّ مجھ کو ذلّت سے بچا

یا سمیعُ سُن میری فریاد کو
یا بصیرُ دیکھ مجھ ناشاد کو

یا حَکَمُ تو حکم پر اپنے چلا
ڈر رہے یا عدلُ تیرے انصاف کا

یا لطیفُ مجھ پر اپنا لطف کر
یا خبیرُ دل کو کر دے باخبر

یا حلیمُ بردباری کر عطا
یا عظیمُ تو ہی ہے سب سے بڑا

یا غفورُ بخش دے میرے گناہ
یا شکورُ شکر کر مجھ کو عطا

یا علیُّ رتبہ ہے تیرا بڑا
یا کبیرُ تو بڑا ہے تو بڑا

یا حفیظُ آفتوں سے رکھ نگاہ
یا مقیتُ تن میں دے قوت کو راہ

یا حسیبُ سہل ہو مجھ پر حساب
یا جلیلُ تو بڑا عالی جناب

یا کریمُ تو سخی محتاج سب
یا رقیبُ تو نگہباں روز و شب

یا مجیبُ کر دعا میری قبول
دین و دنیا میں نہ کر مجھ کو ملول

علم کر یا واسعُ مجھ پر فراخ
بعد مردن قبر میری کر فراخ

یا حکیمُ تو ہے دانائے عمل
یا ودودُ تو محبِّ بے بدل

یا مجیدُ ذات میں تو ہے بڑا
قبر سے یا باعثُ مومن اٹھا

Marfat.com

یا شہیدُ حاضر و آگاہ کل
یا وکیلُ کارسازِ بیکساں
یا متینُ دین پر رکھ استوار
یا حمیدُ حمد ہے تجھ کو سدا
پہلے بھی یا مُبدِیُٔ پیدا کیا!
زندہ یا مُحی ہوں جبتک شاد رکھ
توہی یا حیُّ ہے زندہ تا ابد
رکھ غنی مجھ کو سدا یا واجدُ
ہے توہی یا واحدُ عالی صفات
یا صمدُ سب کو تیری جستجو
نفس پر یا قادرُ قادر رہوں
یا مُقدّم ہوئے اگلوں میں گزر
ہاں توہی یا اوّل اوّل میں تھا
سب پہ تو یا ظاہرُ ظاہر ہوا
وہم سے یا باطنُ تو ہے نہاں
تو ہے یا والی برائے بندگان

توہی یا حق ہے شہنشاہِ کل
یا قویُّ قوّتِ بے طاقتاں
یا ولیُّ کر مدد لیل و نہار
توہی یا مُحی یا مُحیط ماسوائے
یا مُعیدُ پھر توہی مرجع ہوا
جب مروں تب یا مُمیت یاد رکھ
توہی یا قیّوم قائم لاولد
سب بڑائی تجھ کو ہے یا ماجد
یا احدُ تو مطلق یگانہ پاک ذات
سب تیرے محتاج بے پروا ہے تو
یوں جیوں یا مُقتدرُ جبتک جیوں
یا مؤخرُ پچھلے والوں میں نہ
پھر توہی آخر میں ہوگا سدا
صفتوں تیری سے ہر کوئی ماہر ہوا
تجھ کو پاوے وہم یہ طاقت کہاں
کارساز و مالک ہر دو جہاں

Marfat.com


تیرا یا مُتعالی ہے رُتبہ بلند ۔ ہوں تیرے احساں میں پابر دبند
میری یا توّاب توبہ کر قبول ۔ رحم کر یا مُنعِم بدیوں کو بھول
یا عُفو کر گناہ سے درگذر ۔ یا رؤف مہربانی کی نظر
مالکُ الملک ہے بیشک تیرا نام ۔ دے مجھے مُلک قناعت میں تمام
ذوالجلال تو ہے وَالاِکرام نام ۔ دے مجھے بھی جنّتِ اعلیٰ مقام
عدل سے یا مُقسِط ڈرتا ہوں میں ۔ فضل کی اُمید اب کرتا ہوں میں
جمع کر یا جامِعُ دل کو میرے ۔ یا غَنِیُ کر دے بے پروا مجھے
مُجھ کو یا مُغنّی تو بے پروا بنا ۔ ہو نہ کچھ یا مَانِعُ نقصان میرا
جو ضرر یا ضَارِعُ ہے دُور رکھ ۔ نفع سے یا نافِعُ مسرور رکھ
دل کو یا نُور میرے روشن بنا ۔ راہ یا ہَادیُ مجھے سیدھی بتا
یا بَدیعُ تو بڑا صاحب کمال ۔ کر دیا عالم کو پیدا بے مثال
تو ہی یا باقِیُ رہے باقی سدا ۔ ہے تو ہی یا وَارِثُ وارث میرا
یا رَشِیدُ راہ نیکی کی دکھا ۔ آتشِ دوزخ سے عاجز کو بچا
ہو چکے ننّانوے نامی اجی ۔ یا صبور کی طرح ہیں اور بھی

یا الٰہی از طفیلِ محمدؐ مصطفےٰ
جنّت فردوس کر مجھ کو عطا

Marfat.com

# بطورِ تبرک

## فرمانِ والا شان جناب ﷺ رسول مقبول بنام سلطان مقوقس



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ اِلَی الْمُقَوْقِسِ عَظِیْمِ الْقِبْطِ سَلَامٌ

[illegible]

عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی۔ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ اَدْعُوْکَ بِدِعَایَۃِ الْاِسْلَامِ اَسْلِمْ تَسْلَمْ یُؤْتِکَ اللّٰہُ اَجْرَکَ

[illegible]

مَرَّتَیْنِ فَاِنْ تَوَلَّیْتَ فَعَلَیْکَ اِثْمُ الْقِبْطِ۔ یٰاَھْلَ الْکِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰی کَلِمَۃٍ سَوَآءٍ بَیْنَنَا وَ

[illegible]

بَیْنَکُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰہَ وَلَا نُشْرِکَ بِہٖ شَیْئًا وَّلَا یَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ

[illegible]

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْھَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ○

[illegible]

### نامۂ مبارک کی اصل

یہ اس مبارک خط کا چربہ ہے جسکو جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ۶ ہجری میں حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ بھیجا کر مصر و قبط کے بادشاہ مقوقس کے پاس ارسال فرمایا تھا۔ یہ مبارک خط ایک فرانسیسی سیاح نے سفر ہند میں مصر کے شہروں میں سے اخمیم کے گرجا میں ایک قبطی راہب کے پاس سے خرید لیا تھا اور سلطان عبدالمجید خان والی دولت عثمانیہ کی خدمت میں لیکر حاضر ہوا اور ہدیۃً پیش کیا۔ سلطان نے استصواب خلافت سے دیگر تبرکات نبویہ کے ساتھ قسطنطنیہ میں رہنے کا حکم صادر فرمایا۔ قسمت سے اسکا عکس ہندوستان میں بھی آگیا اور اسکا ایک عکس سے ہمکو بھی دستیاب ہوا ... ہم نے اسکا چربہ لیکر شائع کیا ہے اور نقل مطابق اصل لکھنے کی بہانتک کوشش کی گئی ... اسکی عبارت ... والسلام

در مدح

# تاج العارفین قُطبُ الاقطاب
# حضرت عبدالنبی شامی نقشبندی قدس سرہٗ العزیز

از مرید حضرت مُحمّد شاہ رحمۃ اللہ علیہ

سلام من بصد عجز و تمامی
گراماں لے باد خدمت گرامی
کہ اے شاہ سریر نیک نامی
بگو باصد ہزاروں خوش کلامی
مدد کُن المدد قُطب سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

ہوئے مقبول تم درگہ الٰہی
کہ چوداں طبق کی تم کو ہے شاہی
کہ ہوں بندہ بہت عاجز گناہی
دِکھو اب حال میرا در تباہی
مدد کُن المدد قُطب سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

سیامی کا عرش اُوپر قدم ہے
سیامی پیر صاحب باکرم ہے
گدا کو شاہ کو تُجھ سے کرم ہے
خدا کا لطف تُجھ پر دم بدم ہے
مدد کُن المدد قُطب سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

Marfat.com

تمہارا نام جو عبدالنبیؒ ہے　　تمہارے پر بہت رحمت دلی ہے
جو تجھ پر مہربان حضرت نبیؐ ہے　　کہ تجھ سے فیض یاب عالم سبھی ہے

مدد کُن المدد قُطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

شہِ عبدالنبیؒ قطبِ سیامی　　خواص و عام سے لائق غلامی!
قطب اور غوث ہیں تم کے سلامی　　گدا ہوں بے نوائے ذوالکرامی!

مدد کُن المدد قُطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

اغثنی المدد یا قطب عالم　　نہایت بیکسم اندرونِ عالم
دلا تردد تقلبنی سوالم　　مدد کُن فی سبیل اللہ بحالم

مدد کُن المدد قُطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

سیامی پیر کو جس نے دھیایا　　مطالب دین اور دنیا کا پایا
تیرے سر شیخ طاہر جیؒ کا سایا　　تیرا عالی قدر سب توں سوایا

مدد کُن المدد قُطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

Marfat.com

عتابِ شاہ جو بر سر نواب آیا تو اس کو دیگ میں پا کر جلایا
و لیکن نام تیرا اوس دھیایا کہ تا الحرز جان آتش سے پایا

مدد کُن المدد قُطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

رجا دارم لقا اپنا دکھاؤ تمامی رنج اور زحمت گواؤ
حقیقت کا سبق مجھ کو بتاؤ مطالب دین و دنیا کے پوچاؤ

مدد کُن المدد قُطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

کہ جب ہووے زیارت تب ربّانی کہوں میں شاہ کر کچھ مہربانی
ولایت میں نہ کوئی تجھ سا ہے ثانی کرو رحمت میرے پر ناگہانی

مدد کُن المدد قُطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

محمدؐ شاہ گر فریاد داری یہ پھر پاؤ گے تم امید ساری
کہ ہے وہ شاہ مقبول غفاری کرے یہ ورد پھر لیل و نہاری

مدد کُن المدد قُطبِ سیامی
کہ اندر دین و دنیا تم ہو نامی

○

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ارشاداتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

## صحتِ انسانی کیلئے

١ کھانے کے لیے ہاتھ استعمال کریں۔

٢ کھانا داہنے ہاتھ سے کھائیں۔

٣ مریض کے ساتھ بیٹھ کر کھانا نہ کھائیں۔

٤ تکیہ لگا کر اور کھڑا ہو کر کھانے سے بدہضمی ہوتی ہے

٥ کھانا ٹھنڈا کر کے کھاؤ۔ گرم کھانے سے معدہ ضعیف اور کمزور ہو جاتا ہے۔

٦ کھانے کو ٹھنڈا کرنے کیلئے پھونک نہ مارو۔

٧ اکیلے کھانا نہ کھاؤ۔ اکٹھے مل کر کھانا کھانے سے برکت ہوتی ہے۔

٨ گوشت کو چاقو اور چھری کی بجائے دانتوں سے کاٹ کر کھاؤ۔

٩ کھانے کے بعد دانتوں میں خلال کرو دانت صحت مند رہیں گے۔

١٠ مسواک باقاعدگی سے کیا کرو۔

١١ لیموں شہد کے ساتھ نہار منہ کھانے سے دل و دماغ کو تقویت ملتی ہے۔

١٢ پیٹ سے بڑا برتن اللہ نے پیدا نہیں فرمایا اسے کبھی بھی مکمل طور پر پُر نہ کیا کرو۔

١٣ رات کو کھانا نہ کھانے سے بڑھاپا جلدی آجاتا ہے

١٤ لوکی یعنی کدو کھایا کرو دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے

١٥ دسترخوان کو سبزیوں سے زینت دیا کرو۔

١٦ چار چیزوں کو بُرا نہیں سمجھنا چاہیئے،
آنکھ کا دُکھنا.... اندھے ہونے سے بچاتا ہے۔
زکام کا ہونا.... برص سے محفوظ رکھتا ہے۔
کھانسی کا ہونا.... فالج سے بچاؤ ہوتا ہے۔
پھوڑے پھنسی.... برص سے نجات ملتی ہے

١٧ لہسن کا استعمال بہت سی بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

١٨ دو مختلف کھانوں کو جمع نہ کریں مثلاً مچھلی اور دُودھ، تُرشی اور دُودھ، گرم اور سرد، انڈہ اور گوشت۔

١٩ پانی ایک سانس میں مت پیا کرو اس سے سینہ میں درد ہوتا ہے۔

٢٠ پانی کھڑے ہو کر پینے سے پیٹ میں درد ہوتا ہے۔

٢١ کبھی کبھی قے کیا کرو، اس سے معدے کی گندی رطوبتیں خارج ہو جاتی ہیں۔

٢٢ مدینہ شریف کی سات عجوہ کھجوریں گٹھلیوں سمیت کوٹ کر دل کے مریض کو کھلا دیں دل کا مرض جاتا رہے گا۔

**الداعی و المشتہر** صاحبزادہ حاجی محمد سلیم شامی نقشبندی
ٹرسٹی حضرت عبدالنبی شامی ٹرسٹ "۱۵۸ رام نگر لاہور، ۱۲

Marfat.com

# حضرت عبدالنبیؒ شامی ٹرسٹ

حضرت عبدالنبیؒ شامی ٹرسٹ کا قیام ۲۰، مارچ ۱۹۸۴ء کو عمل میں آیا۔
ٹرسٹ کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) حضرت عبدالنبیؒ شامی کی زندگی، تعلیمات اور مشن کی ترویج،

**بذریعہ :**

(ا) تعمیر مسجد و آستانہ

(ب) حضرت کے مکاتیب اور دیگر کتابوں کی اشاعت۔

(ج) حضرت عبدالنبیؒ شامی کی حیات بابرکات کے تعارف کے لئے سیمیناروں وغیرہ کا انعقاد۔

(۲) صاحبزادگان حضرت عبدالنبیؒ شامی کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرنا

— یعنی —

(ا) مستحق طلباء کو وظائف دینا۔

59686

Marfat.com

(ب) ہسپتال قائم کرنا،
(ج) یا کوئی ایسا کام کرنا، جو اِن مقاصد کی تکمیل میں مدد دے،
جن کے لئے ٹرسٹ قائم کیا گیا ہے۔

## ③ طریق کار :

ٹرسٹ کا انتظام ایک چار رُکنی بورڈ کے سپرد ہے۔

## بورڈ کے ارکان مندرجہ ذیل ہیں :

۱۔ صاحبزادہ شیخ اکرام الحق ۲۔ صاحبزادہ شیخ نثار الحق
۳۔ صاحبزادہ شیخ وحید الزماں شامی ۴۔ صاحبزادہ شیخ محمد سلیم شامی

## دفتر

ٹرسٹ کا دفتر ۱۸۶، شادمان II لاہور میں قائم کیا گیا ہے۔
ٹرسٹ کی اولین کاوش کا نتیجہ "مجموعۃ الاسرار" کی صورت میں آپ کے سامنے ہے۔ صاحبزادہ محمد سلیم شامی اور صاحبزادہ مجیب الرحمٰن شامی صاحب مبارک باد کے مستحق ہیں، جن کی کوششوں سے یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ صاحبزادہ محمد سلیم شامی نے یہ کتاب اپنے ذاتی خرچ سے چھپوائی ہے اور اس کی ساری آمدنی ٹرسٹ

Marfat.com

ذخیرہ صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی

جو 2001ء میں میاں صاحب نے

پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو عطا فرمایا

Marfat.com

ذخیرہ صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی

جو 2001ء میں میاں صاحب نے

پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو عطا فرمایا

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# درود شریف

مصنّفہ

تاج العارفین قطب الاقطاب حضرت شیخ عبد النبی شامی نقشبندی
قدس سرہٗ العزیز المعروف بہ "باباجی" رحمۃ اللہ علیہ ساکن شام چوراسی
ضلع ہوشیار پور، بھارت

ذخیرہ

بسعی

صاحبزادہ حاجی محمد سلیم شامی نقشبندی

ٹرسٹی: حضرت عبد النبیؒ شامی ٹرسٹ، مکان نمبر ۳۶،
سٹریٹ نمبر ۹، رام نگر، لاہور ۲

، تھارٹن روڈ، لاہور۔ فون: ۶۶۹۴۹

1756/2

Marfat.com